**30.08.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

……………………………….

☆ وزیر اعظم نریندر مودی شنگھائی تعاون تنظیم سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے چین کے دو روزہ دورے پر Tianjin پہنچ گئے ہیں۔
☆ وزیر اعظم مودی نے یوکرین کے صدر Volodymyr زیلنسکی سے ٹیلی فون پر بات چیت کی ہے۔ انھوں نے جنگ کے پُرامن حل کی خاطر بھارت کے واضح موقف کو دوہرایا۔
☆ وزیر اعظم کل صبح گیارہ بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔
☆ مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ بھارت کی 43 کھرب ڈالر کی معیشت اور شرح ترقی میں اضافہ اس کی اقتصادی صورتحال کے بارے میں اٹھائے گئے سوالات کا جواب ہیں۔
☆ پنجاب میں سیلاب کی صورتحال بدستور سنگین بنی ہوئی ہے۔ ہماچل پردیش میں شدید بارش جاری رہنے سے معمولاتِ زندگی متاثر ہیں۔
☆ اور بیڈمنٹن میں، آج رات پیرس میں BWF عالمی چمپئن شپ میں بھارت کے ست وِک سائی راج اور چراغ شیٹی کی جوڑی مردوں کے ڈبلز کا سیمی فائنل مقابلہ کھیلے گی۔

……………………………….

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**PM China**

وزیر اعظم نریندر مودی اپنے دو ملکوں کے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت چین کے Tianjin پہنچ گئے ہیں۔ وزیر اعظم کل شروع ہونے والی شنگھائی تعاون تنظیم کی 25ویں سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعظم کے دورے کی خبریں دینے والے ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جناب مودی دیگر رہنماؤں کے ہمراہ علاقائی سلامتی، کنکٹی ویٹی، پائیدار ترقی اور عالمی اشتراک جیسے معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ اِس سربراہ کانفرنس میں 20 سے زیادہ سربراہانِ مملکت اور بین الاقوامی تنظیموں کے 10 رہنماؤں کے شرکت کرنے کا امکان ہے۔ وزیر اعظم مودی اور روسی صدر ولادیمیر پتن اِس میں شرکت کرنے والی سرکردہ شخصیات ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC Ritesh Kapoor

Tianjin ہوائی اڈّے پر وزیر اعظم نریندر مودی کی آمد سے لے کر ہوٹل تک اُن کے سفر کے دوران ماحول انتہائی پُرجوش تھا۔ ہوٹل پہنچنے پر وہاں آباد بھارتی برادری نے بھارت ماتا کی جئے، وندے ماترم اور مودی مودی کے نعروں سے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر چین کی خاتون فنکاروں نے سِتار سنتور اور طبلے پر وندے ماترم ترانہ پیش کیا۔ اِس کے علاوہ، چین کے فنکاروں نے بھرت ناٹیم اڈیشی اور کتھک رقص بھی پیش کئے۔ بھارتی ثقافت کے اِن الگ الگ رنگوں سے ماحول یادگار بن گیا۔ اپنے دو روزہ دورے کے دوران، وزیر اعظم مودی علاقائی سلامتی، کنکٹی ویٹی، پائیدار ترقی اور ممبر ممالک کے درمیان اشتراک سمیت اہم معاملات پر تبادلۂ خیال میں شرکت کریں گے۔

Tianjin سے رِتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

## PM Japan

اس سے پہلے وزیر اعظم مودی نے جاپان کا اپنا دو روزہ دورہ مکمل کیا۔ کل 15ویں بھارت–جاپان سالانہ سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے کے بعد وزیر اعظم مودی نے آج ٹوکیو میں 16 صوبوں کے گورنروں سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے مرکز اور صوبوں کے درمیان تعاون کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے اور مشترکہ ترقی کیلئے 15ویں سالانہ کانفرنس کے دوران شروع کردہ شراکتی اقدامات کے تحت کارروائی کرنے پر زور دیا۔ بات چیت کے بعد وزیر اعظم مودی اور جاپان کے ان کے ہم منصب Shigeru Ishiba، Shinkanseng بلیٹ ٹرین کے ذریعے Miyagi صوبے میں واقع Sendai پہنچے۔ انہوں نے ٹوکیو الیکٹرون فیکٹری کا معائنہ کیا جو کہ سیمی کنڈکٹر آلات کی مینوفیکچرنگ کا ایک اہم مرکز ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم مودی نے جاپان کے اپنے دورے کو نہایت سود مند قرار دیتے ہوئے کہا کہ آنے والے وقت میں بھارت اور جاپان کے درمیان دوستی، بلندیوں پر پہنچے گی۔ انہوں نے جناب Ishiba کو چاندی کے Chopsticks کے ساتھ پتھر کے بنے ہوئے پیالے پیش کیے۔ انہوں نے اُن کی اہلیہ کو ماچس کی سائز کا پشمینہ شال بطور تحفہ پیش کیا۔ x

## PM Zelenskyy Call

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج یوکرین کے صدر اوولودیمیر زیلنسکی سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ بات چیت کے دوران صدر زیلنسکی نے یوکرین سے متعلق حالیہ واقعات پر اپنے نقطۂ نظر کا اظہار کیا۔ جناب مودی نے صدر زیلنسکی کا شکریہ ادا کیا اور لڑائی کے پُرامن حل اور امن کی جلد سے جلد بحالی کی کوششوں کی حمایت کے سلسلے میں بھارت کے واضح موقف کو دوہرایا۔ جناب مودی نے اِس سلسلے میں ہرممکن مدد کے بھارت کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت–یوکرین دو طرفہ شراکت داری کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا اور باہمی دلچسپی کے سبھی شعبوں میں مزید اشتراک بڑھانے کے طور طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے رابطے میں رہنے سے بھی اتفاق کیا۔x

**PM Mann Ki Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی کل صبح گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام ''من کی بات'' میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 125واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ، اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

**Puri Energy Consumption**

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آج کہا ہے کہ 7اعشاریہ 8فیصد کی ملک کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی شرح ترقی کا اُس کی توانائی کی کھپت پر مثبت اثر ہوگا۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب پوری نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اگر معیشت فروغ پارہی ہے تو توانائی کی کھپت میں اضافہ ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی توانائی کی کھپت عالمی سطح سے تین گنا زیادہ ہے اور حکومت، ریفائننگ کی صلاحیت کو مضبوط کرکے اور ماحول کیلئے سازگار توانائی کی جانب منتقلی کے ذریعے اِس مانگ کو پورا کرنے کی خاطر مختلف اقدامات کر رہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت کی 43 کھرب ڈالر کی معیشت اور GDP کی شرح ترقی میں اضافہ اُس کی معاشی صورتحال کے بارے میں اٹھائے گئے سوالات کا خود جواب ہیں۔

S/B Hardep Singh Puri

**India GDP**

بھارت کی اصل مجموعی گھریلو پیداوار GDP کے موجودہ مالی برس میں اپریل سے جون تک کی پہلی سہ ماہی میں 7اعشاریہ 8فیصد کی شرح سے ترقی کرنے کا تخمینہ ہے۔ گذشتہ مالی برس میں پہلی سہ ماہی میں GDP کی شرح ترقی 6اعشاریہ 5فیصد رہی تھی جبکہ چوتھی سہ ماہی میں 7اعشاریہ 4فیصد رہی۔ کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت اصلاحات اور لچک پر مبنی ترقی کا ایک عالمی انجن ہے۔

S/B 1400 Piyush Goyal GDP

**LS OM Birla**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج کہا کہ لوک سبھا کے اندر منصوبہ بند طریقے سے تعطل پیدا کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں جو جمہوریت کے لیے اچھی بات نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کا منصوبہ بند تعطل راجیہ سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں بھی دیکھا جا رہا ہے۔ بھوبنیشور میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب برلا نے کہا کہ سیاسی پارٹیوں کے خیالات اور آراء مختلف ہوں گی۔ اِسی طرح حکمراں اور اپوزیشن پارٹیوں کے رہنما مختلف معاملات پر اتفاق اور اختلاف رکھ سکتے ہیں۔ تاہم پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں منصوبہ بند طریقے سے تعطل پیدا

کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے کیونکہ عوام نے ارکان کو بڑی امیدوں اور توقعات کے ساتھ منتخب کر کے بھیجا ہے۔ لوک سبھا کے اسپیکر گزشتہ مانسون اجلاس کا حوالہ دے رہے تھے، جہاں لوک سبھا اور راجیہ سبھا دونوں ہی ایوانوں میں رکاوٹوں کی وجہ سے بمشکل چند گھنٹے ہی کام ہو سکا۔ جناب برلا نے کہا کہ اختلافِ رائے ہمیشہ جمہوریت کو مستحکم کرتا ہے اور ایوان کے اندر اِس کی اجازت دی جانی چاہیے۔ انہوں نے پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں بحث و مباحثے اور ارکان کے رویے کے گرتے ہوئے معیار پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے پارلیمنٹ کے حالیہ مانسون اجلاس میں استعمال ہونے والی زبان اور ارکان کے رویے پر بھی ناراضگی ظاہر کی اور کہا کہ یہ پارلیمنٹ کے وقار کے مطابق نہیں تھے۔ x

## Rajnath Engine Test Centre

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج نوئیڈا میں ڈرون تیار کرنے والی ایک کمپنی اور انجن کی آزمائش کے ایک سہولتی مرکز کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ موجودہ دور میں ڈرونز، جدید جنگی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ ہیں۔ جناب سنگھ نے دفاع کے شعبے میں آتم نربھر بھارت کے تصور کو مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس اقدام سے اس خطے میں پانچ ہزار سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ ''آپریشن سندور'' عزم، حوصلے اور سائنسی ترقی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نہ صرف بھارتی سپاہیوں کی بہادری کا ثبوت ہے بلکہ آتم نربھر بھارت کی سائنسی اور اختراعی صلاحیت کا بھی مظہر ہے۔

S/B: Rajnath Singh

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ کوئی بھی ملک صرف اسلحہ اور معلومات کے تال میل سے ہی طاقتور بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتر پردیش دفاعی ساز و سامان کی پیداوار میں ایک نمایاں رول ادا کر رہا ہے۔

## Ashwini Temperd Glass

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج اترپردیش کے نوئیڈا میں موبائل فون کیلئے بھارت کے پہلے Temperd Glass مینوفیکچرنگ مرکز کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ گذشتہ 11 برس میں بھارت میں الیکٹرانک سازوسامان کی مینوفیکچرنگ میں 6 گنا اضافہ ہوا ہے اور اس کی پیداواری مالیت 11اعشاریہ پانچ لاکھ کروڑ روپئے، برآمدات تین لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ تک پہنچ گئی ہے۔ اس سے 25لاکھ لوگوں کیلئے روزگار کے بالواسطہ مواقع پیدا ہوئے۔x

## Textile EO

حکومت نے ٹیکسٹائل برآمد کاروں کو راحت فراہم کرنے کیلئے ایڈوانس Authorisation اسکیم کے تحت برآمداتی مصنوعات کی لازمی شرط کی مدت میں توسیع کرتے ہوئے اِسے 6مہینے سے 18مہینے کر دی ہے۔ برآمداتی

مصنوعات کی شرائط میں یہ توسیع اُن مصنوعات کیلئے ہے، جو کیمیکلز اور پیٹرو کیمیکلز محکمے کی جانب سے جاری کردہ لازمی کوالٹی کنٹرول آرڈرز کے تحت آتی ہیں۔ ٹیکسٹائل کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس اقدام سے ہاتھ سے تیار کیے جانے والے کپڑے اور تکنیکی ٹیکسٹائل کے برآمد کاروں کو بروقت اور نہایت ضروری راحت ملے گی۔ اِس سے کاروبار کرنے میں آسانی پیدا ہوگی اور بھارتی مصنوعات کی مسابقتی صلاحیت میں بھی اضافہ ہوگا۔ x

## IMD

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج ساحلی کرناٹک، ہماچل پردیش، پنجاب اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ہماچل پردیش میں کل تک، اتراکھنڈ میں منگل تک اور ملک کے شمال مغربی حصے میں آئندہ پانچ روز کے دوران کہیں کہیں شدید بارش جاری رہنے کا بھی امکان ہے۔

پنجاب میں سیلاب کی صورتحال سنگین ہے۔ راوی، بیاس اور ستلج دریاؤں میں پہاڑی علاقوں سے پانی کے تیز بہاؤ اور ریاست کے کچھ حصوں میں بارش سے سیلاب زدہ اضلاع میں لوگوں کی مشکلات میں اضافہ ہو رہاہے۔ بھارتی فوج، فضائیہ، BSF، این ڈی آر ایف، SDRF، پنجاب پولیس اور رضاکار تنظیمیں 24 گھنٹے ساتوں دِن پھنسے ہوئے لوگوں کو بحفاظت نکالنے اور امدادی سامان فراہم کرنے کیلئے جنگی پیمانے پر کام کر رہی ہیں۔x

## WHO Cholera

عالمی صحت تنظیم WHO نے لڑائی، غربت اور آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق آفات کے سبب عالمی سطح پر ہیضے کے معاملات میں شدید اضافے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اِس سال جنوری سے اگست کے وسط تک 31 ممالک سے چار لاکھ 9ہزار سے زیادہ معاملات اور چار ہزار 738اموات کی خبر موصول ہوئی۔ مشرقی بحیرۂ روم خطے سے سب سے زیادہ معاملات درج کئے گئے جبکہ افریقی خطے میں سب سے زیادہ اموات ہوئیں۔ WHO نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ خاص طور سے سیلاب زدہ علاقوں اور بے گھر افراد کی صاف ستھرے پینے کے پانی، صفائی ستھرائی اور صحت کی دیکھ بھال تک محدود رسائی اِس بحران میں اضافہ کر رہی ہے۔ صحت کے ادارے نے خبردار کیا ہے کہ صورتحال پیچیدہ اور ابتر ہو رہی ہے۔x

## Badminton Indian Medal

بیڈمنٹن میں آج رات پیرس میں BWF عالمی چمپئن شپ میں مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں بھارت کے ست وِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی کا چین کے Chen Bo Yang اور Liu Yi سے مقابلہ ہوگا۔ کوارٹر فائنل میچ میں عالمی نمبر 9 کی بھارتی جوڑی نے دوسرے درجے کی ملیشیا کی جوڑی کو اکیس–بارہ، اکیس–اُنیس سے ہرایا۔ ست وِک اور چراغ نے سیمی فائنل میں جگہ بنا کر تاریخ رقم کی ہے کیونکہ وہ BWF عالمی چمپئن شپ میں دو تمغے جیتنے والی پہلی بھارتی جوڑی بن گئے ہیں۔ انھوں نے 2022میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔x

## Weghtlifting

احمد آباد میں 25ویں دولت مشترکہ سینئر ویٹ لفٹنگ چمپئن شپ میں بھارت، 13 تمغوں کے ساتھ سرفہرست رہا، جس میں سونے کے 4، چاندی کے 6اور کانسے کے 3 تمغے شامل ہیں۔ بھارتی ویٹ لفٹروں نے آخری دن 2 تمغے حاصل کیے۔مَہک شرما نے انفرادی طور پر253 کلو گرام کا وزن اٹھاکر چاندی کا تمغہ جیتا۔ اِسی طرح Lovepreet سنگھ نے 380 کلو گرام کا وزن اٹھا کر کانسے کا تمغہ جیتا۔ x

☆☆☆☆☆☆